NYC KiDS RiSE™ | Save for College Program

# کالج اور کیریئر کی تربیت کے لئے کالج کے لئے بچت پروگرام کے ساتھ بچت کرنا

کالج اور کیریئر کی بچت فیملی کے مالیاتی منصوبوں کے لیے اہم ہوتی ہے اور بچت اکاؤنٹ کے بہت سے اختیارات دستیاب ہیں۔

NYC اسکالرشپ اکاؤنٹس (NYC Scholarship Accounts) فراہم کرنے کے علاوہ، NYC Kids RISE کالج کے لئے بچت پروگرام (Save for College Program) فیملیز کو اپنے بچے کے مستقبل کے لیے مزید رقم کمانے کے مواقع بھی فراہم کرتا ہے۔ **ذیل میں دیئے گئے کالج اور کیریئر سیونگز اکاؤنٹ کے دو اختیارات میں سے ایک کھولیں** اور اسے $25 وصول کرنے کے لیے اپنے بچے کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ سے منسلک کریں:

- ***NY 529 Direct Plan** اکاؤنٹ**؛ اور
- **Amalgamated Save for College بینک اکاؤنٹ**

## NY 529 *Direct Plan* اکاؤنٹ

سرمایہ کاری اکاؤنٹ، جو کالج اور کیریئر کی تربیت کے لیے بچت کرنے میں فیملیز کی مدد کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے

اپنے بچے کی بچت کو ممکنہ طور پر بڑھانے کے لیے فنانشل مارکیٹس تک رسائی حاصل کریں

مارکیٹ کے لحاظ سے رقم بڑھ سکتی ہے اور اپنی قدر کھو بھی سکتی ہے

ٹیکس کے فوائد شامل ہیں

## دونوں اکاؤنٹس میں کچھ چیزیں مشترک ہیں:

آپ کتنی اور کس کثرت سے بچت کرتے ہیں، یہ آپ پر منحصر ہے

صرف $5 سے آپ کو آپ کے بچے کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کے لیے $25 کا انعام ملتا ہے

سوشل سیکیورٹی نمبر (SSN) یا انفرادی ٹیکس دہندہ کا شناختی نمبر (ITIN) درکار ہے

اہل خانہ اور دوست تعاون کر سکتے ہیں

$0 سے کھولا جا سکتا ہے

## Amalgamated Save for College بینک اکاؤنٹ

بچت اکاؤنٹ آپ کے پیسے کی حفاظت کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے جب تک آپ کو اس کی ضرورت نہ ہو

ڈیپازٹس $250,000 تک بیمہ شدہ ہیں

اس اکاؤنٹ میں موجود رقم پر حاصل کردہ سود (افراط زر کی شرح سے کم ہے)

اکاؤنٹ کے ساتھ ٹیکس فوائد نہیں ہیں

**ہم آپ کی مدد کے لیے حاضر ہیں!**

ہم سمجھتے ہیں کی بچت شروع کرنا مشکل ہو سکتا ہے۔ لہٰذا بچت کے سفر میں آپ کی مدد کے لیے ہم آپ کو انعامات دیتے ہیں۔ جب آپ ان کالج اور کیریئر سیونگز اکاؤنٹس میں سے کوئی ایک کھولتے ہیں اور اسے اپنے بچے کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ سے منسلک کرتے ہیں، تو آپ کو $25 کا انعام ملے گا۔ جب آپ سیونگز اکاؤنٹ میں اپنے پہلے $5 بچاتے ہیں، تو آپ کو مزید $25 ملیں گے۔ اور پہلے اور پانچویں گریڈ کے درمیان، ہم آپ کی بچت کو ہر ایک ڈالر کے بدلے ایک ڈالر سے پہلے $100 تک مماثل کریں گے۔

*****نوٹس:*** *NYC Kids RISE کا NY's 529 College Savings Program سے کوئی الحاق نہیں ہے اور یہ سرمایہ کاری کا مشورہ فراہم نہیں کرتا۔ NYC Kids RISE آپ یا آپ کی فیملی کے لیے* NY 529 Direct Plan *کی موزونیت کے سلسلے میں کوئی تجویز پیش نہیں کرتا۔ NYC Kids RISE آپ کو* NY 529 Direct Plan *میں صرف تب آگے بڑھنے کی ترغیب دیتا ہے جب آپ نے یہ تعین کر لیا ہو کہ* NY 529 Direct Plan *آپ اور آپ کی فیملی کے لیے معقول ہے۔* NY 529 Direct Plan *کے بارے میں مزید معلومات کے لیے nysaves.org ملاحظہ کریں اور افشاء سے متعلق کتابچہ ڈاؤن لوڈ کریں یا (877-697-2837) 877-NYSAVES پر کال کریں۔ اگر آپ اپنے اکاؤنٹ میں فنڈ نہیں ڈالتے (*NY 529 Direct Plan *کاؤنٹ میں پہلے چھ مہینوں کے اندر یا Amalgamated Save for College Bank اکاؤنٹ میں پہلے نو ماہ کے اندر)، تو آپ کا اکاؤنٹ بند ہونے کا خطرہ ہوتا ہے۔*



nyckidsrise.org | 833-543-7473 | info@nyckidsrise.org

NYC KiDS RiSE™ | Save for College Program

کالج اور کیریئر کی تربیت مہنگی ہو سکتی ہے! مالی امداد، وظائف اور گرانٹس سے ہمیشہ ٹیوشن اور دیگر اخراجات پورے نہیں ہو سکتے۔ آپ اور/یا آپ کے بچے کو اضافی اخراجات مثلاً فیسوں، کمرہ اور بورڈ، درسی کتب، لیپ ٹاپس اور دیگر سامان کی ادائیگی کرنی پڑ سکتی ہے۔ **اگر آپ جلدی بچت شروع کریں، تو آپ کے بچے کے مستقبل کے لیے رقم دستیاب ہو گی۔** ان کے کالج اور کیریئر کے خواب پورے کرنے کے لیے آپ کی سرمایہ کاری ابھی شروع ہونی چاہیے!

آپ کالج اور کیریئر کی بچت میں کتنی رقم ڈالتے ہیں اس کا انحصار آپ کے ذاتی مالی حالات پر ہے۔ اس میں آپ کی آمدنی، اثاثے، قرض، اخراجات اور عوامی فوائد جیسی چیزیں شامل ہیں۔ **اگر آپ جلدی شروع کرتے ہیں، تو ماہانہ $5 بچت سے بھی کافی رقم بن جاتی ہے!**

## بچت شروع کرنے کے لیے تیار ہیں؟

### NY 529 *Direct Plan* اکاؤنٹ

آن لائن NY 529 *Direct Plan* اکاؤنٹ کھولنے کے لیے nysaves.org پر جائیں۔

ایک بار جب آپ اپنا 529 *Direct Plan* اکاؤنٹ بنا لیتے ہیں — یا اگر آپ کے پاس پہلے سے ہی اپنے بچے کا 529 اکاؤنٹ موجود ہے تو — دونوں اکاؤنٹس کو منسلک کرنے کے لیے nyckr.org/login-s2-ur پر اپنے بچے کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ میں دوبارہ لاگ ان کریں۔

### Amalgamated Save for College بینک اکاؤنٹ

اپنے قریب موجود Amalgamated برانچ تلاش کرنے کے لیے amalgamatedbank.com/find-a-branch-or-atm ملاحظہ کریں؛ یا 800-662-0860 پر کال کریں۔

جب آپ اکاؤنٹ کھول لیتے ہیں، تو یہ خود بخود آپ کے بچے کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ سے منسلک ہو جائے گا۔

## بچتوں کے لیے مفید مشورے

اپنے بچے کے کالج اور کیریئر کے خواب پورے کرنے کے لیے ایک وقف شدہ بچت اکاؤنٹ رکھیں۔ اس سے آپ کو اپنی پیش رفت پر نظر رکھنے میں مدد ملے گی اور آپ دوسرے اخراجات کو روک سکیں گے۔

اندازہ لگائیں کہ آپ کتنی بچت کر سکتے ہیں اور اگر کر سکتے ہوں، تو ہر ماہ اپنے وقف شدہ کالج اور کیریئر بچت اکاؤنٹ میں ایک مقررہ رقم ڈالنے کا منصوبہ بنائیں۔ ہر چھوٹی چیز بڑا فرق پیدا کر سکتی ہے!

- ہر شخص کی مالی حالت مختلف ہوتی ہے۔ بالمشافہ مدد کے لیے، آپ سرمایہ کاری کے کسی ماہر سے مشورہ لے سکتے ہیں یا NYC مالیاتی خودمختاری کے مرکز (Financial Empowerment Center) پر مفت مالی مشاورت کے لیے جا سکتے ہیں۔ اپنے قریب موجود کسی مرکز میں ملاقات کا وقت طے کرنے کے لئے، 311 پر کال کریں یا nyc.gov/talkmoney پر جائیں۔

اگر آپ سمجھتے ہوں کہ آپ باقاعدگی سے بچت نہیں کر سکتے، تو ان اوقات سے فائدہ اٹھانے پر غور کریں جب آپ کے پاس اضافی رقم موجود ہوتی ہے، بشمول تحائف اور آپ کے سالانہ ٹیکس کی واپسی جیسے ریفنڈ۔

بچت کو خودکار بنانے کے لیے اپنے پے چیک سے براہ راست ڈیپازٹ یا چیکنگ اکاؤنٹ سے بچت اکاؤنٹ میں خودکار طور پر منتقلی کے اختیار پر غور کریں۔

چھوٹی بچت سے شروع کرتے ہوئے اس میں وقت کے ساتھ اضافہ کریں۔ اپنی مالی حالت میں تبدیلیوں کے لحاظ سے اپنی بچتوں کو ایڈجسٹ کریں۔

کالج کے لئے بچت پروگرام کے لیے اہل دونوں اکاؤنٹس کے بارے میں مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں: nyckr.org/options-s2-ur